| اہم قومی ومقامی خبریں — مورخہ 07-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔ وزیراعلیٰ کی زیرصدارت اجلاس صوبائی کابینہ کے اخراجات میں 50فیصد کمی، پنشن میں 10فیصد اضافے کی منظوری، | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔ عمران خان دوبارہ حکومت میں آنے کیلئے ڈرامے کررہے ہیں، مولانا واسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔ پیغمبر اسلام ﷺ کی شان میں گستاخی مذہبی جنونیت ہے، ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔ ترقی کیلئے اختلافات نے بالاتر ہوکر مثبت سوچ کو اپنانا ہوگا، صالح بھوتانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔ بلوچستان میں بجلی سے متعلق مسائل جلدحل کردیئے جائیں گے، ہاشم نوتیزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔ ہمیشہ بلوچ سرزمین اورقوم کیلئے جدوجہد کی، میر اسد بلوچ | سینچری ودیگراخبارات |
| 7۔ شہیدوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیں گے، حاجی محمد خان | آزادی ودیگراخبارات |
| 8۔ بی جے پی نے مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے، ترجمان حکومت بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔ سابق ڈی سی کوہلو پی ڈی سمیت 16افراد کے خلاف احتساب عدالت میں ریفرنس | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔ شہداء کے لواحقین کی قربانیاں بھول نہیں سکتے، آئی جی پولیس | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔ کوئٹہ: زیرسماعت کیس کے ریکارڈ میں ردوبدل پراسٹینوگرافر معطل | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔ عوام کوتعلیم صحت اورآبنوشی کی فراہمی اولین ترجیح ہے، چیئرمین سی ایم آئی ٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔ بلوچستان فوڈاتھارٹی کی کارروائیاں زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیاں تلف | مشرق ودیگراخبارات |
| 14۔ صوبائی حکومت کا ڈپٹی اسپیکر کیخلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا فیصلہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔ ایف سی کی کاوشیں کوہلو میں تین روزہ فری آئی سرجیکل کیمپ | مشرق ودیگراخبارات |
| 16۔ حلقہ بندیاں اگست میں مکمل، اکتوبر میں عام انتخابات کیلئے تیار ہونگے، الیکشن کمیشن | 92نیوزودیگراخبارات |
| 17۔ اقتدار کی کوئی اہمیت نہیں اپنے نظریے اورفکر پرکوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، بی این پی | مشرق ودیگراخبارات |

## امن وامان

دالبندین بازار میں آتشزدگی، لاڑکانہ جیل میں سندھ، بلوچستان ودیگر علاقوں کے قیدیوں کو بنیادی سہولیات نہیں دی جارہی، زہری مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی، مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودا گرنے سے دوکانکن جاں بحق ہوگئے، ہسپتال ذرائع

## عوامی مسائل

رکن اسمبلی کے الزامات مسترد سندھ سے پانی نہیں مل رہا ایس ای پٹ فیڈر، لسبیلہ میں اسمگل شدہ ایرانی پیٹرول اورڈیزل فروخت کرنے والے عوام کولوٹنے لگے، وندراورگردنواح میں ملاوٹ شدہ دودھ کی کھلے عام فروخت کا انکشاف، نوشکی آٹا اوریوریا کھاد کی بڑے پیمانے پر ہمسایہ ملک اسمگلنگ، بحران کا خدشہ

**مورخہ07-06-2022**

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **بلوچستان کی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بلوچستان کی تعمیر وترقی کیلئے وفاق کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور دوٹوک اقدامات یقینی بنانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے نوید دی ہے، کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان سے کے لئے بڑے منصوبے شامل کئے جائیں گے وفاقی حکومت صوبے کے نوجوانوں کے مسائل سے آگاہ ہے حکومت پسماندہ علاقوں کی ترقی کیلئے کوشاں ہے نیز یہ کہ ابتر معاشی صورتحال کے باوجود بلوچستان پر خصوصی توجہ دی جائے گی انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے پسماندہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے وفاقی وزیر نے پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم الشان منصوبے کا بھی ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ سی پیک منصوبہ نہ صرف گوادر اور بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لئے ترقی وخوشحالی کی نوید ہے یقیناً اس بات میں کوئی شک وشبہ بھی نہیں کہ سی پیک منصوبے کی بدولت نہ صرف بلوچستان اور ملک بھر بلکہ ہمارے پورے خطے میں مثبت معاشی اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا، انہوں نے چمن، کوئٹہ کراچی شاہراہ کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے نہ صرف اس منصوبے کی ڈیڑھ سال میں تکمیل کا اعلان کیا تھا بلکہ کہا تھا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے وتمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے اب وزیر منصوبہ بندی وترقیات نے اسی تناظر میں یہ نوید دی ہے کہ ابتر معاشی حالات بلوچستان پر خصوصی توجہ دی جائے گی ہمیں امید ہے کہ انہوں نے جو نوید دی ہے اسے عملی جامعہ پہنایا جائے گا اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے ہوئے منصوبہ بندی کے ساتھ دوٹوک عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ صوبہ کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے دیرینہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے

## اداریہ

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Now wheat smuggling" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

Century Express Quetta

07 JUN 2022

3

# ہمیشہ بلوچ سرزمین اور قوم کیلئے جدوجہد کی، میر اسد بلوچ

## پنجگور میں ٹھوس موقف کی بدولت ہمیں بلدیاتی الیکشن میں کامیابی ملی

## علاقے کے مسائل حل کرنا ترجیح ہے، کونسلرز کی حلف برداری تقریب سے خطاب

پنجگور (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی سیکرٹری جنرل و صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے ڈسٹرکٹ کونسل ہال پنجگور میں بلدیاتی الیکشن میں کامیاب ڈسٹرکٹ کونسران کے حلف برداری تقریب سے بذریعہ فون خطاب کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

ہے کہ ہم پنجگور سے تعلق رکھنے والے ان تمام بی این پی عوامی کے جیالوں کو جنہوں نے بلوچ سرزمین بلوچ عزت وننگ وناموس کی خاطر اپنی جدوجہد جاری رکھتے ہوئے جمہوری انداز میں بلدیاتی الیکشن میں حصہ لے کر مضبوط قدم رہے انہوں نے کہا ہے کہ کامیاب امیدوار اپنے جہد ڈگر کو پارٹی کی ترقی انکے پروگرام کی تشریح قومی وژن کو اپنے دلوں میں مضبوط کریں جو اس وقت ذاتی مفادات سے ہٹ کر قومی سوچ سائل و ساحل واپنے سماج کی بہتر نمائندگی کرنے کی جہد کررہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا ہے کہ بی این پی عوامی بلوچ قوم کی غم و پریشانی ان کے دکھ درد کو دور کرنے والا پارٹی ہے ہمیں یاد ہیں وہ باتیں جنہوں نے بلوچ قوم کے ماں بہنوں سے کس زباں سے مخاطب ہوئے بی این پی عوامی نے کبھی ایسا قدم نہیں اٹھایا ہے جس کیلئے ہمیں شرمندگی ہو انہوں نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا محور بلوچستان و پنجگور کی ترقی خوشحالی ہے آنے والے وقتوں میں ایک بار پنجگور کے کھوئے ہوئے دوسرے حلقے کو بحال کریں گے اس وقت پچاس فیصد کام مکمل ہو چکا ہے اور کچھ کام عنقریب پورا ہونگے جس طرح ہم نے پروم گچکور کا تا گری گوارگو کچک کا درد رکھتے ہیں انہیں آواران سے کٹ کر کے اپنے حلقے میں شامل کیا اسی طرح دوسرے حلقے کی بحالی کا جدوجہد جاری ہے کامیابی ہماری ہوگی اور آپکے کے دعاں اور ساتھ دینے سے ممکن ہے انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں پنجگور کے ہر ذرے ذرے کا درد ہے ہم پنجگور کو عزت دینا چاہتے ہیں پنجگور ہم سب کا گھر ہے ہماری پہچان ہماری شناخت ہے جو اس پنجگور اور انکے اداروں کو تباہ کرنا چاہتے ہیں بی این پی عوامی انکے پاسبان ہے انہوں نے کہا ہے کہ ہم پنجگور کے تمام یونین کونسل کے کامیاب امیدوار کونسلران کو انکی کامیابی پر انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین بھی ہمارا ہوگا انشاءاللہ انہوں نے اس دوران بذریعہ فون تمام کونسلران سے حلف لیا ہے اس موقع پر مرکزی لیبر سیکرٹری نور احمد بلوچ، نثار احمد کشانی، کیل احمد قمرانی، حمل بلوچ، حاجی محمد اکبر بلوچ، آصف مجید، ظفر بختیار ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

AZADI QUETTA

# شہیدوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لینگے، حاجی محمد خان

## ہماری فوج ملک وملت کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں ہمیں اپنے افواج کی بہادری پر فخر ہے، صوبائی وزیر

## پاکستان میں بدامنی عدم استحکام پیدا کرنے پر بھارت کی تمام سازشوں کو 22 کروڑ عوام اور فوج ملکر ناکام بنادینگے

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت وتجارت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے شمالی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر دہشت گردی کے واقعہ میں چھ سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حملہ بزدلی اور ناقابل برداشت ہے ہم اپنے شہیدوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لینگے ہماری فوج ملک وملت کی حفاظت کا فریضہ انجام دے رہے ہیں ہمیں اپنے افواج کی بہادری پر فخر ہے، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے تمام تر واقعات میں بھارت کا ہاتھ ہے وہ سی پیک کو رول بیک کرنا چاہتا ہے ہمارے اور چین کی دوستی کے خلاف برسرپیکار ہے اور کشمیر پر پاکستان کے دنیا بھر کے ممالک کے جانب سے حمایت اور بھر تعاون پر بھارت آگ بگولا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بدامنی عدم استحکام پیدا کرنے پر (بقیہ نمبر6 صفحہ نمبر5 پر)

بھارت کی تمام سازشوں کو 22 کروڑ عوام اور فوج ملکر ناکام بنادینگے پاکستان ایٹمی ملک ہے جسے کوئی طاقت زیر نہیں کرسکتا ترکیہ نے وزیراعظم کے حالیہ دورے میں کشمیر پر پاکستان کے دوٹوک اور اصولی موقف کی ایک مرتبہ پھر حمایت کو دہرایا جس سے بھارت کو تکلیف ہوہ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے ہمارے چیک پوسٹوں پر حملے کئے جارہے ہیں جسکو طالبان حکومت روکے وہ ہمارا اسلامی اور پڑوسی ملک ہے پاکستان نے ہمیشہ افغانستان کو ایک آزاد اور مستحکم ملک کے طور پر اسکی حمایت کی ہے وہ بھی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے والے عناصر پر کڑی نظر رکھتے ہوئے انہیں اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے انہوں نے کہا کہ ہمارے مسلح افواج نے ہر وقت دہشت گردوں کو سبق سکھایا ہے انہوں نے کہا کہ میں جام شہادت نوش کرنے والے تمام اہلکاروں کے خاندانوں سے اظہار یکجہتی کرتا ہوں اور اللہ پاک سے دعا گو ہوں کہ وہ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں بلند مقام عطا کرے۔

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
MASHRIQ QUETTA
07 JUN 2022

2 5

# بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں، زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیاں تلف

کلی مہترزئی میں 15 ایکڑ اراضی پر سیوریج کے پانی سے کاشت کردہ و غیر صحت بخش سبزیاں تلف، سبزیوں میں کدو، بھنڈی اور بینگن کی فصلیں شامل تھیں

حب میں متفرق کھانے پینے کے مراکز خصوصاً ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس کی چیکنگ کی، 5 ہوٹلوں پر صفائی کی انتہائی ابتر صورتحال پر جرمانے عائد کیے گئے

سیوریج کے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت ایک توجہ طلب مسئلہ ہے، عوام کی صحت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈی جی محمد نعیم بازئی

کوئٹہ، حب (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ناقص اشیاء خورونوش کی فروخت اور سیوریج کے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیوریج کے زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کے خلاف بی ایف اے کی خصوصی مہم چوتھے ہفتہ میں داخل ہوگئی۔ کلی مہترزئی (بلیلی) میں 15 ایکڑ اراضی پر سیوریج کے پانی سے کاشت کردہ و غیر صحت بخش سبزیاں تلف جبکہ...... بقیہ نمبر 47 صفحہ 10 پر

فصلوں تک نالوں سے گندے پانی کی سپلائی و سیوریج کے ذرائع بھی منقطع کر دیئے گئے۔ تلف کردہ مضر صحت سبزیوں میں کدو، بھنڈی اور بینگن کی فصلیں شامل تھیں۔ مقامی کاشت کاروں کی شکایت پر متعدد مقامات پر ٹیوب ویلوں کے پانی میں سیوریج کے پانی کی مکسنگ روکنے کے لئے بند بھی لگا گئے۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے محمد نعیم بازئی کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ سیوریج کے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت ایک توجہ طلب مسئلہ ہے، عوام کی صحت پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، بی ایف اے کی گزشتہ و حالیہ کارروائیوں سے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کا رجحان کم ہوا ہے، تاہم اب بھی چند کاشتکار قوانین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں جن کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور حالیہ جاری کریک ڈاؤن کو دیگر علاقوں تک وسعت دی جارہی ہے۔ مزید برآں بی ایف اے زونل فوڈ سیفٹی ٹیم (قلات زون) نے صنعتی شہر حب میں متفرق کھانے پینے کے مراکز خصوصاً ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس کی چیکنگ کی، 5 ہوٹلوں پر صفائی کی انتہائی ابتر صورتحال و مجموعی طور پر ایس او پیز کی خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے گئے، پابندی عائد و مضر صحت خوردنی اشیاء کی فروخت پر 1 جنرل اسٹور کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ حب میں وزٹ کردہ مراکز کے مالکان و ورکرز کو بی ایف اے لائسنس کے حصول کیلئے لائسنس فارم بھی فراہم کیے گئے۔ علاوہ ازیں بی ایف اے انسپیکشن ٹیم نے ارباب کرم خان روڈ میں 2 جنرل اسٹورز سے زائد المعیاد مصالحے، ٹیٹرا پیک دودھ، کسٹرڈ پاؤڈر برآمد کر لیے جبکہ 1 فاسٹ فوڈ کارنر میں صفائی و اسٹوریج کے انتظامات ناقص اور مکھیوں کی بھرمار پائی گئی، مذکورہ تینوں مراکز کے مالکان نے تاحال بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے فوڈ بزنس لائسنس بھی حاصل نہیں کیا تھا، جس پر ان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے۔ بی ایف اے حکام مجرل اسٹورز سے برآمد ہونے والی ایکسپائرڈ اشیاء قبضہ میں لے لیں۔

# صوبائی حکومت کا ڈپٹی اسپیکر کیخلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا فیصلہ

ڈپٹی سپیکر کو ہٹانے کی باقاعدہ منظوری مرکز سے بھی لے لی گئی ہے، صوبے میں مزید سیاسی تبدیلیوں کا بھی قوی امکان ہے

حکومتی اتحاد نے ڈپٹی اسپیکر کیلئے اپنا مشترکہ امیدوار ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے قادر نائل کو لانے کی منظوری بھی دیدی ہے

کوئٹہ (این این آئی) انتہائی باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے تحریک عدم اعتماد کے بعد صوبے میں سیاسی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ پہلے مرحلے میں ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی کو ہٹانے کا فیصلہ کرلیا ہے ذرائع کے مطابق حکومتی اتحاد نے ڈپٹی اسپیکر کیلئے اپنا مشترکہ امیدوار ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے قادر نائل کو لانے کی منظوری بھی دیدی ہے۔ ذرائع کے مطابق تحریک عدم اعتماد کے...... بقیہ نمبر 2 صفحہ 10 پر

موقع پر حکومتی اور اتحادی جماعتیں جانبدار رہنالاں تھیں جبکہ ڈپٹی اسپیکر کے علاوہ بعض دیگر حکومتی اور اتحادی اراکین کے تحریک عدم اعتماد میں کردار کو بھی زیر بحث لایا گیا اس حوالے سے مزید سیاسی تبدیلیوں کا بھی قوی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پہلے مرحلے میں ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل جن کا تعلق پی ٹی آئی سے ہے کے خلاف بھی تحریک عدم اعتماد پیش کی جارہی ہے جس کی باقاعدہ منظوری مرکز سے بھی لے لی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومتی اتحاد نے ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کو دینے کا اصولی فیصلہ کرلیا ہے جس کیلئے مشترکہ امیدوار قادر نائل ہونگے۔

MASHRIQ QUETTA

# ایف سی کی کاوشیں، کوہلو میں تین روزہ فری آئی سرجیکل کیمپ

کیمپ میں ماہر امراض چشم نے 925 مریضوں کا چیک اپ کیا، مفت ادویات، گلاسز و لینز فراہم

موتیا کے آپریشن بھی کیے گئے، ایف سی کی جانب سے مریضوں کیلئے چائے اور کھانے کا خصوصی اہتمام، عوام نے اقدامات کو سراہا

کوہلو (این این آئی) بلوچستان کے دوردراز ضلع کوہلو میں آئی جی ایف سی نارتھ کی خصوصی ہدایت پر ضلع میں ایف سی بلوچستان نے سیلانی آئی سرجیکل اینڈ میڈیکل ٹرسٹ کے اشتراک سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں تین روزہ میڈیکل اینڈ سرجیکل کیمپ کا انعقاد کیا او پی ڈی میں مریضوں کا مفت چیک اپ، مفت ادویات اور گلاسز کی فراہمی کے علاوہ موتیا آپریشن بھی کیا گیا تین روزہ کیمپ کے دوران 925 مریضوں کا او پی ڈی میں چیک اپ کے ساتھ ادویات اور گلاسز فراہم کئے گئے جبکہ 237 مریضوں کی آنکھوں میں موتیا کا آپریشن اور لینز فراہم کیے گئے کوہلو کے علاوہ تحصیل ماوند تحصیل کاہان، گرسنی، تمبو اور دوردراز علاقوں سے مریض کیمپ سے مستفید ہوئے کیمپ کے دوران ایف سی بلوچستان نارتھ کی جانب سے مریضوں کیلئے مفت کھانے اور چائے کا اہتمام بھی کیا گیا اس موقع پر کیمپ میں آئے مریضوں اور کوہلو کے مقامی لوگوں نے ایف سی بلوچستان کی کاوشوں کو خوب سراہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA
07 JUN 2022

3 7

# اقتدار کی کوئی اہمیت نہیں، اپنے نظریے اور فکر پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے، بی این پی

بی این پی نے ہمیشہ بلوچستان کے ساحل و وسائل پر یہاں کے عوام کے اختیار کیلئے جدوجہد کی پارٹی کا ہمیشہ موقف واضح ہے، ملک عبدالولی کاکڑ

ملک میں چاہے مارشل لا یا جمہوری دور ہو ہمارے عوام نے ہمیشہ مشکلات کا سامنا کیا اور پارٹی نے ہمیشہ مشکل وقت میں عوام کا ساتھ دیا، موسیٰ بلوچ

منظور بلوچ کی جدوجہد اور سیاسی نظریہ کسی محدود طبقے کیلئے نہیں بلکہ تمام مظلوم اقوام سمیت بلوچستان میں آباد تمام اقوام کیلئے تھا، شکیلہ نوید دہوار و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام پارٹی کے سابق مرکزی لیبر سیکرٹری و بی ایس او کے سابق چیئرمین منظور بلوچ کی دوسری برسی کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں تعزیتی ریفرنس کا اہتمام کیا گیا جس سے پارٹی کے مرکزی قائم مقام صدر ملک عبدالولی کاکڑ، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی ویمن سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی شکیلہ نوید دہوار، مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری رکن......... بقیہ نمبر20 صفحہ 10پر

صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، بی ایس او کے چیئرمین جہانگیر منظور بلوچ، مرکزی کمیٹی کے ممبر میر غلام نبی مری، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات بالاچ قادر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین منظور بلوچ کو انکی دوسری برسی پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ منظور بلوچ کی جدوجہد اور سیاسی نظریہ کسی محدود طبقے کے لئے نہیں تھا بلکہ تمام مظلوم اقوام سمیت بلوچستان میں آباد تمام اقوام کیلئے تھی انکی جدوجہد کا مرکز بلوچستان میں آباد تمام اقوام سے تعلق رکھنے والے تھے انہوں نے تمام تر مشکلات کے باوجود مراعات کو ٹھکرا کر ہمیشہ نظریاتی جدوجہد کی آج انکی کمی نہ صرف انکے خاندان بلکہ بلوچ قوم محسوس کرتی ہے اور انکا بچھڑ جانا پوری بلوچ قومی تحریک کیلئے ایک بڑا نقصان ہے۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

Daily INTEKHAB QUETTA

4 Dated 07 JUN 2022 8

## خضدار' نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنماء کے بھائی کو زخمی کر دیا

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے میں نامعلوم افراد سے قبائلی رہنما میر واحد بخش جنگ کے بھائی زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو خضدار کے علاقے زہری مشک روڈ پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

قبائلی رہنما میر واحد بخش جنگ کے بھائی میر ارشاد کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ زخمی کو فوری طور پر ہسپتال پہنچا دیا گیا مقامی انتظامیہ مزید کارروائی کر رہی ہے۔

## چاغی' افغان مہاجرین کے دو گروپوں میں تصادم 2 افراد زخمی

چاغی (نامہ نگار) چاغی میں زمین کے تنازعے پر افغان مہاجرین کے دو گروپوں میں تصادم دو افراد شدید زخمی تفصیلات کے مطابق چاغی کلی حزاری میں زمین کے تنازعے پر افغان مہاجرین کے دو گروپوں بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

میں تصادم حافظ عبدالواحد اور حافظ عبدالرحمن شدید زخمی ہو گئے انچارج ڈاکٹر عبدالباسط زہری نے آر ایچ سی چاغی میں زخمیوں کو فرسٹ ایڈ دے کر مزید علاج کیلئے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا مزید تفتیش چاغی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## دالبندین بازار میں آتشزدگی

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین بازار میں آتشزدگی۔ تفصیلات کے مطابق دالبندین بازار میں حمام کے چھت پر واقع بالائی منزل میں بجلی کی شارٹ سرکٹ لگنے سے آگ بھڑک اٹھی جس کے سبب آگ کے دھوئیں دور دور تک دکھائی دینے لگے اس دوران بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

کمروں میں رہائش پذیر لوگوں کو فی الفور نیچے اتار کر آگ پر قابو پانے کی کوشش کی گئی تاہم قریبی دکانداروں اور شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت آگ پر قابو پانے کے لئے پانی کی بالٹیوں کی مدد سے آگ کے شعلے بجھا دیا۔

## لاڑکانہ جیل میں سندھ، بلوچستان ودیگر علاقوں کے قیدیوں کو بنیادی سہولیات نہیں دی جا رہی

کوئٹہ (آن لائن) سندھ کے ضلع لاڑکانہ سینٹرل جیل میں قیدی بنیادی ضروریات سے محروم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق لاڑکانہ سینٹرل جیل میں اس وقت 900 کے قریب قیدی موجود ہیں جہاں نہ تو قیدیوں کو کھانا مہیا کیا جا رہا ہے اور نہ ہی پینے کا صاف پانی اور بجلی میسر ہیں ایک ہفتے سے قیدی بنیادی بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

ضروریات سے محروم ہیں جبکہ کوئی سننے والا نہیں ہے جیل آفیسر کی جانب سے رقم نہ ملے تو قیدیوں کو سخت مظالم کا سامنا کرنا پڑتا ہے سینٹرل جیل لاڑکانہ میں اس وقت سندھ کے علاوہ بلوچستان و دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد قید ہیں ذرائع کے مطابق جیل میں قیدی قیدی سوکھی روٹی پر گزارہ کر رہے ہیں

QUDRAT QUETTA

## مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودا گرنے سے دو کانکن جاں بحق ہو گئے، ہسپتال ذرائع

دکی (آن لائن) مقامی کوئلہ کان میں مٹی کا تودا گرنے سے دو کانکن بقیہ 42 صفحہ 6 پر

جاں بحق ہو گئے ہسپتال ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت مرتضیٰ ولد علاؤالدین، صلاح الدین ولد باران قوم اچکزئی سکنہ قلعہ عبداللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ دونوں لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا۔

AZADI QUETTA

## زہری مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

خضدار (نامہ نگار) زہری مشک روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر واحد بخش جنگ کے چھوٹے بھائی میر ارشاد زخمی تفصیلات کے مطابق کے میر ارشاد نورگامہ سے اپنی گھر دھوری جا رہے تھے نامعلوم ملزمان نے پیچھے سے تعاقب کرتے ہوئے کندھ کازبہ کے مقام پر نشانہ بنایا گردن میں ایک گولی لگنے سے وہ زخمی ہوئے جنہیں فوری ہسپتال پہنچایا گیا (بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 7 پر)

ڈاکٹروں کے مطابق ان کی حالت خطرے سے باہر ہے مزید علاج کے لئے ریفر کر دیا گیا انتظامیہ واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
Daily MASHRIQ QUETTA
Dated 07 JUN 2022
5 Page 9

# رکن اسمبلی کے الزامات مسترد، سندھ سے پانی نہیں مل رہا، ایس ای پٹ فیڈر

## پہلے ہی محکمے نے اعلامیہ جاری کیا تھا کہ خریف سیزن کی بوائی کیلئے پانی دستیاب نہیں، نہروں میں صرف پانی پینے کیلئے چھوڑا گیا ہے، لوگوں نے اپنے تالاب بھر دیئے، عبدالحمید مینگل

## پٹ فیڈر کینال کو 6000 میں سے صرف 2800 کیوسک پانی کی ترسیل دریائے سندھ سے جاری، امکان ہے بحران 20 جون تک ختم ہو جائے گا

## میر سلیم احمد کھوسہ نے احتجاج کیا ہے کہ پٹ فیڈر کینال کے ذریعے بنجر زمینوں کو آباد کرنے کیلئے پانی چھوڑا جا رہا ہے اس میں کوئی بھی صداقت نہیں، وضاحتی بیان

نصیر آباد (نامہ نگار) ایس ای سرکل پٹ فیڈر کینال اریگیشن نصیر آباد عبدالحمید مینگل نے رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ کے احتجاج کے حوالے سے ایک وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ دریائے سندھ میں پانی کی قلت کے سبب ہم نے پہلے بھی سرکاری سطح پر اعلامیہ جاری کیا تھا کہ پٹ فیڈر کینال سمیت دیگر نہروں میں پانی پینے کیلئے چھوڑا گیا ہے جہاں تک ذیلی شاخوں میں پینے کیلئے پانی کا مسئلہ ہے ہم نے نصیر آباد، جھڈیرا اور چیمل شاخ سمیت دیگر ذیلی شاخوں میں پانی ٹیل کر چکے ہیں اور لوگوں نے اپنے تالاب بھی بھر دیئے اب ربیع کینال میں بھی پینے کے پانی کی ترسیل جلد یقینی بنائیں گے پانی کی قلت کے باعث خریف سیزن کی بوائی نہ کرنے کو کہا تھا انہوں نے کہا کہ دریائے سندھ میں شدید پانی قلت کے سبب اس وقت پٹ فیڈر کینال اور کیرتھر کینال میں صرف پینے کیلئے پانی کی ترسیل کو یقینی بنائی گئی ہے خریف سیزن کی بوائی کیلئے پانی دستیاب نہیں ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت پٹ فیڈر کینال کو 6000 کی بجائے صرف 2800 کیوسک پانی کی ترسیل دریائے سندھ سے ہو رہی ہے امکان ہے کہ دریائے سندھ میں پانی کا بحران 20 جون تک ختم ہوگا پھر بلوچستان کے نہروں میں بہتری آئے گی پھر زمیندار خریف سیزن کی بوائی کر سکتے ہیں محکمہ آبپاشی کے حکام بالا کی طرف سے سندھ سے پانی کے حصول کیلئے مسلسل جدوجہد ہے انہوں نے مزید کہا کہ جہاں تک یہ الزام لگایا گیا کہ پٹ فیڈر کینال کے ذریعے بنجر زمینوں کو آباد کرنے کیلئے پانی آگے چھوڑا جا رہا ہے اس میں کوئی بھی صداقت نہیں جہاں تک پٹ فیڈر کمانڈ ایریا ہے وہاں تک لوگوں کو پینے کیلئے پانی دیا جا رہا ہے محکمہ اریگیشن نیک نیتی کے ساتھ فرائض منصبی انجام اور عوام تک پانی کی فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔

# لسبیلہ میں اسمگل شدہ ایرانی پیٹرول اور ڈیزل فروخت کرنیوالے عوام کو لوٹنے لگے

## غیر قانونی منی پیٹرول پمپس مالکان کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئیں، کوئی پوچھنے والا نہیں

## پاکستانی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتے ایرانی تیل کی قیمت کو بھی پر لگے

بیلہ (آن لائن) لسبیلہ میں اسمگل شدہ ایرانی پیٹرول اور ڈیزل فروخت کرنیوالوں عوام کو لوٹنے لگے، غیر قانونی منی پیٹرول پمپس مالکان کی من مانیاں عروج پر پہنچ گئیں، کوئی پوچھنے والا نہیں، پاکستانی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتے ایرانی تیل کی قیمت کو بھی پر لگے گئے، اچانک قیمتیں بڑھانا عوام کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے، یہ بات ٹرانسپورٹروں اور شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بیلا اور ضلع لسبیلہ میں قائم اسمگل شدہ ایرانی تیل کے غیر قانونی فلنگ اسٹیشنز پر مالکان عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں، ایرانی اسمگل شدہ پیٹرول اور ڈیزل فی لیٹر ایک سو اسی روپے سے ایک سو نوے روپے تک میں فروخت کیا جا رہا ہے حکومت نے پاکستانی تیل مہنگا کیا ہے لیکن یہاں ایرانی تیل جو غیر قانونی طور پر اسمگل کر کے لایا جاتا ہے وہ بھی مہنگے داموں فروخت کر کے عوام پر اضافی بوجھ ڈال کر انکی مشکلات میں اضافہ کر دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ ایران میں فی لیٹر پیٹرول اور ڈیزل دس روپے سے پندرہ روپے میں دستیاب ہے اور بیلا میں یہی پیٹرول ایک سو اسی اور ایک سو نوے روپے فی لیٹر دیدہ دلیری سے بیچا جا رہا ہے۔

# وندر اور گردونواح میں ملاوٹ شدہ دودھ کی کھلے عام فروخت کا انکشاف

## ملاوٹ شدہ دودھ کو تروتازہ خالص اور گاڑھا ظاہر کرنے کے لیے مختلف قسم کے کیمیکلز کا استعمال کیا جا رہا ہے

## لوگوں کا معدے اور پیٹ کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، انتظامیہ نوٹس لے، شہریوں کا مطالبہ

وندر (آن لائن) وندر اور گردونواح میں ملاوٹ شدہ دودھ کی کھلے عام فروخت کا انکشاف، زائد منافع کمانے کے چکر میں درجنوں دودھ فروشان میدان میں آ گئے ملاوٹ شدہ دودھ مافیا کو کھلی دی گئی ہے، ملاوٹ شدہ دودھ کے استعمال سے معدے اور پیٹ کے مسائل جنم لینے کا اندیشہ پیدا ہو چکا ہے، ملاوٹ شدہ دودھ کو تروتازہ خالص اور گاڑھا ظاہر کرنے کے لیے مختلف قسم کے کیمیکلز کا استعمال کیا جا رہا ہے، ان خیالات کا اظہار متاثرین نے خبر رساں ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ دودھ کو چائے کے لیے ابالنے کے دوران پتہ چلتا ہے کہ اس میں کیمیکلز سے بنا پاوڈر کا استعمال کیا گیا ہے اور چائے زرد رنگ کی تیار ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ انسانی صحت کے ساتھ ہونے والے کھلواڑ کو بند کیا جائے محکمہ فوڈ کنٹرول اتھارٹی ملاوٹ شدہ دودھ فروشان اور اس اہم سنگین مسئلے کا موثر انداز میں سدباب کرے وندر کے شہریوں اور گردونواح کو بیماریوں میں مبتلا ہونے سے بچایا جائے

5 10

JANG QUETTA
07 JUN 2022

# نوشکی آٹا اور یوریا کھاد کی بڑے پیمانے پر ہمسایہ ملک اسمگلنگ بحران کا خدشہ

ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کی طرف سے کارروائی کا فقدان، قیمتوں میں مسلسل اضافہ، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، عوامی حلقے

نوشکی (نامہ نگار) بڑے پیمانے پر آٹا افغانستان اسمگل ہو رہا ہے دن دھاڑے زمیاد اور پک اپ گاڑیوں کے ذریعے آٹے کی افغانستان سمگلنگ جاری ہے لیکن ضلعی انتظامیہ کی طرف سے سمگلنگ روکنے کے لیے کوئی ایکشن نہ لینا باعث افسوس ہے بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے غریب عوام پہلے ہی معاشی مشکلات سے دوچار ہیں سمگلنگ کی وجہ سے آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے ضلعی انتظامیہ اور سیکورٹی اداروں نے آٹے کی اسمگلنگ کی روک تھام پر فوری توجہ نہ دی تو صورت حال مزید سنگین ہوگی عوامی وسماجی حلقوں نے توقع ظاہر کی ہے ضلعی انتظامیہ آٹے کی اسمگلنگ کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے کردار ادا کرے گی واضح رہے نوشکی کے علاوہ چاغی چمن اور بادینی سے بھی آٹا اور گندم کی اسمگلنگ ہو رہی ہے عوام کا بھی فرض ہے کہ وہ اسمگلنگ کے خلاف آواز بلند کریں علاوہ ازیں گزشتہ کئی ماہ سے نوشکی اور چاغی کے راستے سے بڑی مقدار میں یوریا اور دیگر کھاد افغانستان اسمگلنگ کی جا رہی ہے کھاد کے بحران سے گندم کی پیداوار بری طرح متاثر ہوئی اور قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ زرعی اجناس کی ہمسایہ ممالک اسمگلنگ کی روک تھام اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# بیریر لگانے کیخلاف مظاہرہ عبدالستار روڈ کو فوری نہ کھولا گیا تو سخت احتجاج کرینگے انجمن تاجران

کوئٹہ شہر کے مین کاروباری روڈ کو گورنمنٹ نے بیریئر لگا کر بند کیا ہوا ہے جس سے تاجر برادری نان شبینہ کے محتاج ہوگئی ہے، عبدالرحیم کاکڑ

بچے بوڑھے ضعیف العمر اور خواتین سواری سے اتر کر پیدل ہوٹل تک جاتے ہیں اور عوام خریداری کرنے کے لئے پیدل جاتے ہیں

لاکھوں روپے کرایہ دیگر کروڑوں روپے کا سامان دکانوں میں رکھا ہوا ہے کوئی خریداری کے لئے نہیں آتا ہے، حضرت علی اچکزئی و دیگر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت نے گذشتہ 2 سالوں سے کوئٹہ شہر کے مین کاروباری شارع کو بیریئر لگا کر بند کیا ہوا ہے جس سے تاجر برادری نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں، لاکھوں روپے کرایہ دیگر کروڑوں روپے کا سامان دکانوں میں رکھا ہوا ہے جو کہ نہ کوئی خریدار لینے کے لئے آتا ہے سارا کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گیا ہے اور لوگ نقل مکانی کر کے...... بقیہ نمبر18 صفحہ 10 پر

شہر کے دوسرے سڑکوں اور کاروباری جگہوں پر کاروبار کے لئے گئے ہیں اور عبدالستار روڈ سنسان پڑا ہے۔ یہ بات انہوں نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل، حاجی شنگل، جبار خلجی، صدیق یوسف زئی، جبار آغا، حاجی عالم خان، فرید ترین، جبار خلجی، فضل ترین، ذیشان قاہر ترین، حبیب اللہ، قاری عبداللہ، عنایت درانی، سلام ودیگر نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے زیر اہتمام عبدالستار روڈ کے بندش کے حوالے سے عبدالستار روڈ پر تاجروں کے احتجاجی مظاہرے کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کی، انہوں نے کہا کہ عوام پرنس روڈ پر اتر کر جن میں مسافر حضرات بھی ہیں جو کہ مختلف ہوٹلوں میں رہائش اختیار کرتے ہیں۔

Century Express Quetta

## ہزارہ ٹاؤن کے رہائشیوں کا پینے کے پانی کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

بل ادائیگی کے باوجود پانی سے محروم ہیں ہر فورم پر احتجاج کیا کوئی شنوائی نہیں ہو رہی، مظاہرین

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ٹاؤن کے رہائشیوں کی جانب سے پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جس پر...... بقیہ نمبر39 صفحہ 10 پر

ہزارہ ٹاؤن کے عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ شدید گرمی میں ہزارہ ٹاؤن کے عوام بل ادائیگی کے باوجود پینے کے صاف پانی سے محروم ہے ہر فورم پر احتجاج کر رہے ہیں لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ ہزارہ ٹاؤن میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنا ئیں۔

## سول ہسپتال کے گائنی وارڈ میں مریضوں سے ہتک آمیز سلوک

عملہ ہر وقت گپ شپ میں مصروف رہتا ہے، مریض کو کوئی دیکھتا ہی نہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سنڈیمن سول ہسپتال کوئٹہ کے گائنی وارڈ میں ڈیلیوری کے لئے جانے والی خواتین کو مشکلات کا سامنا کوئی پرسان حال نہیں وزیراعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل 'سول ہسپتال کے گائنی وارڈ میں خواتین کو ڈیلیوری کے لئے مشکلات کا سامنا' (باقی صفحہ 7 نمبر38

ایک ایک بیڈ پر کئی کئی مریض پڑی ہوتی ہیں۔ مریضوں کے عزیز واقارب کے مطابق ڈاکٹرز اور دیگر اسٹاف گپ شپ میں مصروف رہتا ہے اور مریض کو بعد میں لانے کے لئے کہا جاتا ہے اگر مریض کو تکلیف کی صورت میں بلائیں تو انتہائی ہتک آمیز رویہ اختیار کیا جاتا ہے۔ ڈیلیوری ایک حساس معاملہ ہے جس میں ڈاکٹرز کی لاپرواہی کی وجہ سے مریضہ کی جان بھی جا سکتی ہے مگر نہ تو کوئی اس حوالے سے بات کرتا ہے اور نہ ہی کوئی اس پر ایکشن لیتا ہے۔ اس کے باوجود ہسپتال کے ایم ایس اور گائنی کی ہیڈ اس جانب کوئی توجہ دینے کو تیار نہیں ہیں جبکہ تمام میڈیسن بھی مریضوں سے باہر سے منگوائی جاتی۔ ہیں المیہ تو یہ ہے کہ ڈیلیوری کے لئے آنے والی خواتین لاوارثوں کی طرح کئی کئی گھنٹے پڑی رہتی ہیں اور ان کو ڈیلیوری کا ٹائم نہیں ہے کہہ کر ٹرخا کر واپس بھیج دیا جاتا ہے حتیٰ کہ خواتین شدید تکلیف میں مبتلا ہوتی ہیں کئی خواتین کی واپس جاتے ہوئے ہی بچے کی پیدائش ہو جاتی ہے اس طرح کئی چکر مریض کو لگوائے جاتے ہیں اگر کوئی اس مسئلے پر احتجاج کرے تو خواتین ڈاکٹرز نہیں ہیں کا بہانہ بنا کر سارے معاملے کو ختم کر دیا جاتا ہے کوئی یہ نہیں سوچتا کہ ڈیلیوری کے لیے لائی جانے والی بھی تو پردہ دار خواتین ہوتی ہیں مگر افسوس کہ اس اہم مسئلے کی جانب کوئی توجہ دینے کو تیار نہیں۔ متاثرہ مریضوں کے عزیز واقارب نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزیر صحت اور سیکرٹری ہیلتھ کو اس اہم مسئلے کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

MASHRIQ QUETTA

5 Dated 07 JUN 2022 17

# نصیرآباد کے ملازمین تنخواہوں میں عدم اضافہ کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے

## لیپکا کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی منعقد، شرکاء نے تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کی مذمت کرتے ہوئے فلک شگاف نعرے بھی لگائے، حکومتی کمیٹی مسترد کردی

### پٹرول بجلی گیس اور ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے نے ملازمین کا جینا دوبھر کردیا، تنخواہیں بڑھائی جائیں، عبداللہ بلوچ ، نذیراحمد مستوئی و دیگر کا خطاب

نصیرآباد+ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) آل پاکستان پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن نصیرآباد کے صدر و مرکزی ڈپٹی جنرل سیکریٹری عبداللہ بلوچ کی قیادت میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ اور تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنے ڈی آر اے الاؤنس سے اکثر ملازمین پولیس فورس کو محروم کرنے کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی ملازمین نے ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز اٹھا رکھے تھے اور مہنگائی کیخلاف شدید نعرہ بازی کی، شرکاء پریس کلب پہنچ کر جلسے کی شکل اختیار کر گئے مظاہرین سے صدر ایپکا نصیرآباد کے صدر عبداللہ بلوچ پیرامیڈیکل کے صدر کامرید نذیراحمد مستوئی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پٹرول بجلی گیس اور ہر قسم کی روزمرہ ضروریات زندگی کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کرنے کے لئے کسی کمیٹی کی ضرورت پیش آج تک نہ آئی لیکن پسے ہوئے سرکاری ملازمین کے لئے 2010 میں قائم کی گئی پے اینڈ پنشن کمیٹی آج تک اپنی سفارشات پیش نہ کرسکی پچھلے چار سال سے انصاف حکومت نے پھر پے اینڈ پنشن کمیٹی تشکیل دی جو آج تک کسی قسم کی کوئی سفارشات پیش نہ کرسکی بلوچستان کے ملازمین کے حقوق پر ہمیشہ ڈاکہ ڈالا گیا موجودہ حکومت نے مہنگائی کے پہاڑ توڑ دیئے انہوں نے کہا کہ شہباز حکومت بھی سابقہ حکومت کی نقش قدم پر عمل پیرا ہے ہر سال جون بجٹ کے پیش کرنے سے پہلے یہ نوید سنادی جاتی ہے کہ کمیٹی بجٹ کے بعد اپنی سفارشات تیار کر کے پیش کرے گی اور ان سفارشات کی روشنی میں سرکاری ملازمین کو ریلیف فراہم کیا جائے گا اس سال بھی دس جون کو بجٹ پیش کیا جارہا ہے لیکن حسب سابق روایت یہ نوید سنائی جارہی ہے ہم اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ بجٹ میں بلوچستان کے تمام سرکاری ملازمین کی تمام تنظیموں کا ایک ہی مشترکہ مطالبہ ہے کہ تمام ایڈہاک ریلیف بنیادی تنخواہوں میں شامل کرکے پے سکیل ریوائز اور مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ کیا جائے ایک ملک میں ایک نظام مساوی بنیادوں پر الاونسز خاص اور عام طبقے کی تفریق ختم کی جائے یوٹیلیٹی الاونس سول سیکریٹریٹ الاونس ایگزیکٹو الاونس جوڈیشل الاونس و دیگر الاونسز مساوی بنیادوں پر پاکستان کے تمام سرکاری ملازمین کو بلاتفریق ایک جیسے دیئے جائیں گروپ انشورنس کی رقم ریٹائرمنٹ کے موقع پر پاکستان کے تمام سرکاری ملازمین کو بلاتفریق ایک جیسے واپس کی جائے اپگریڈیشن سے رہ جانے والی تمام وفاقی وصوبائی ملازمین کی تمام پوسٹوں کو بلاتفریق اپگریڈ کیا جائے اور سروس سٹرکچر تیار کیا جائے انہوں نے کہا کہ جلد آئندہ کا لائحہ عمل طے کرینگے ملازمین حقوق کی جنگ آخری فتح تک جاری رکھیں اس موقع پر سید سجاد شاہ برکت علی گولہ نوراللہ سالاڑی عبدالحق جاموٹ غلام علی مجاہد حسین حاجی یعقوب مینگل بابو اعظم بہرانی محمد عالم کندرانی خادم حسین بھنگر و دیگر کثیر تعداد میں موجود تھے

# واٹر فلٹریشن پلانٹ آپریٹرز سراپا احتجاج پی ایچ ای کیخلاف شدید نعرے بازی

## قلیل تنخواہ پر خدمات انجام دے رہے ہیں، کئی ماہ سے اجرت سے محروم، گھروں میں فاقے پڑ گئے، کوئی پرسان حال نہیں، ملازمین

## افسران فنڈز نہ ہونے کا بہانہ بنا کر چھ ماہ بعد بھی صرف تین ماہ کی تنخواہ دیکر ٹرخانے میں مصروف ہیں، بدترین مہنگائی میں 1500 ہزار ماہانہ اجرت پر گزارہ انتہائی مشکل ہے

### مستقل نہ ہونے کے باعث پریشانیوں میں اضافہ ہورہا ہے، مطالبات کے حق میں نکالی گئی احتجاجی ریلی سے رسول بخش جتوئی، غوث بخش لاشاری و دیگر کا خطاب

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سے قلیل تنخواہ پانے والے واٹر فلٹریشن پلانٹ کے مزدوروں نے اپنے جائز مطالبات کے حق میں احتجاجی ریلی نکالی اور مظاہرہ کیا ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کو گزشتہ کئی ماہ سے تنخواہیں ادا نہیں کی جارہی جس سے ملازمین کے گھروں میں فاقے پڑ گئے طویل عرصہ گزرنے جانے کے باوجود انہیں مستقل نہیں کیا جارہا جس سے ان کی پریشانیوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے اگر ہمارے جائز مطالبات منظور نہیں کئے گئے تو جعفرآباد کے تمام پلانٹس سے عوام کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی بند کردیں گے پلانٹ آپریٹرز کی احتجاجی ریلی سے ضلعی صدر رسول بخش جتوئی جنرل سیکریٹری غوث بخش لاشاری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی سے آل واٹر پلانٹس آپریٹرز سخت مایوسی اور پریشانی کا شکار ہیں ہمارے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے تنخواہیں نہ ملنے سے عیدالفطر بھی نہ منا سکے یوں محسوس ہورہا ہے کہ عید قربان بھی مایوسی میں گزر جائے گی ان کا کہنا تھا کہ ضلع میں کم و بیش ایک سو سے زائد واٹر فلٹریشن پلانٹس سے عوام کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی ہر صورت یقینی بنا رہے ہیں اس کے باوجود صوبائی حکومت کی جانب سے ہمیں تنخواہیں ادا نہیں کی جارہی ہم انتہائی مشکل حالات میں بھی صبر کا دامن تھامے ہوئے ہیں ان کا مزید کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں انہیں ماہانہ پندرہ ہزار روپے تنخواہ ادا کی جارہی ہے جس سے ... گزارہ بہت مشکل ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ ... آل فلٹریشن پلانٹس آپریٹرز کی تنخواہیں حکومتی نوٹیفکیشن کے مطابق کم سے کم 25 ہزار روپے بڑھائی جائیں ستم ظریفی یہ ہے کہ محکمے کی جانب ... سے چھ چھ ماہ بعد بھی صرف دو یا تین ماہ کی تنخواہیں دی جاتی ہیں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو سے مطالبہ کیا کہ پلانٹس آپریٹرز کی منظور شدہ سمری پر عمل درآمد یقینی بنا کر آپریٹرز کو تنخواہیں ادا کی جائیں۔

INTEKHAB QUETTA

# چیئرمین سینیٹ کا بلوچستان کسٹم بھرتیوں میں بے قاعدگیوں کا نوٹس

## صادق سنجرانی کی چیئرمین ایف بی آر کے ساتھ معاملہ اٹھانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے بلوچستان میں ماڈل کسٹم کلکٹریٹ میں سپاہی کی پوسٹوں پر بھرتیوں میں ہونے والی بے قاعدگیوں بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر

کا نوٹس لیتے ہوئے چیرمین ایف بی آر کے ساتھ معاملہ اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

Balochistan Time Quetta
07 JUN 2022

13

# Now wheat smuggling

There are reports that wheat is being smuggled to Afghanistan via Chagai and Nushki districts on a daily basis. There are many check posts of security forces but the loaded vehicles easily pass through all the way. The price of wheat and flour is sky-rocketing but regrettably the smuggling of wheat is continuing. Earlier, fertilizer was being smuggled to Afghanistan on a daily basis due to which the price of fertilizer surged immensely making it difficult for local farmers to afford it as result the production of wheat and other crops was badly affected. Smuggling indeed is a very serious issue faced by the country over the last many years. Many important products are smuggled to Afghanistan and up to Central Asian States. This results in the shortage of the commodities in the domestic market which then results in their increase, much to the disappointment of the consumers. In this backdrop, the very direction given by the PM was very appropriate and it should be followed by concrete actions on the ground, especially strict checking on the borders must be ensured. Regrettably, authorities concerned are not taking steps to curb smuggling of this important commodity. The custom officials allegedly involved in illegal practices must be taken to task immediately. It has become all the most important to protect the interests of the country. At the same time, time has come to give serious consideration to enhancing the productivity of our major crops including wheat, cotton, rice, edible oil and so on in order to become self-sufficient in them. The country's population is rising at a rapid pace and we have to bring in high yield crop varieties to cater to our requirements. Most importantly, the farmers need to be given incentives, especially the prices of agriculture input such as fertilizers and pesticides should be brought down in order to encourage them to bring more area under cultivation. What purpose do these numerous check posts serve when loaded trucks of fertilizer and wheat manage to sneak through undetected? Pakistan has been facing an economic crunch with an economy surviving on external loans spent on men, surveillance equipment and border and other security apparatus to eradicate these illegal activities. It is time exemplary punishments were given to all those involved in this crime. The state should launch a campaign against these anti-state activities. The government has decided to import wheat to fulfill the demands of the country. On the other hand, the country's own wheat is being smuggled, which is absolutely irrational and illogical.

MASHRIQ QUETTA
07 JUN 2022

6 12

# بلوچستان کی ترقی پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بلوچستان کی تعمیر وترقی کے لئے وفاق کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور دوٹوک اقدامات یقینی بنانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے نوید دی ہے کہ اگلے مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان سے کے لئے بڑے منصوبے شامل کئے جائیں گے ، وفاقی حکومت صوبے کے نوجوانوں کے مسائل سے آگاہ ہے حکومت پسماندہ علاقوں کی ترقی کے لئے کوشاں ہے نیز یہ کہ ابتر معاشی صورتحال کے باوجود بلوچستان پر خصوصی توجہ دی جائے گی ۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے پسماندہ علاقوں کی ترقی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے ۔ وفاقی وزیر نے پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم الشان منصوبے کا بھی ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ سی پیک منصوبہ نہ صرف گوادر اور بلوچستان بلکہ پورے ملک کے لئے ترقی وخوشحالی کی نوید ہے یقیناً اس بات میں کوئی شک وشبہ بھی نہیں کہ سی پیک منصوبے کی بدولت نہ صرف بلوچستان اور ملک بھر بلکہ ہمارے پورے خطے میں مثبت معاشی اور صنعتی سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہوگا ( بلکہ فروغ حاصل ہو رہا ہے اور روز افزوں کام جاری ہے ) یہی وجہ ہے کہ اس منصوبے کو پورے خطے کے لئے گیم چینجر منصوبہ قرار دیا جاتا ہے سی پیک کا بنیادی مرکز اور محور گوادر ہے اس لئے گوادر سمیت پوری ساحلی پٹی اور ہمارے پورے صوبے میں صنعت وحرفت کے فروغ ، روزگار کے اضافی مواقع کی دستیابی اور سرمایہ کاری کے فروغ کی راہ ہموار ہوئی ہے البتہ یہ وقت کی ضرورت بھی ہے اور حالات کا تقاضہ بھی کہ سی پیک کی بدولت روزگار کے جو مواقع دستیاب ہوں گے ان سے خاطر خواہ استفادے کے لئے بلوچستان میں نوجوانوں کی تعلیم وتربیت پر توجہ مرکوز کی جائے صوبے کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لئے پہلے سے جاری اقدامات میں تیزی لائی جائے صوبے میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کے ادارے قائم کئے جائیں اور ایسے اقدامات کو یقینی بنایا جائے جن کی بدولت سی پیک کی بدولت روزگار کے مواقع سے بلوچستان کے نوجوان خاطر خواہ استفادہ حاصل کریں اور ملک وصوبے کے لئے اپنی صلاحیتیں زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر انداز میں بروئے کار لاسکیں ۔ رہ گئی بلوچستان کی ترقی کے ہدف اور یہاں موجود پسماندگی کے خاتمے کی بات تو اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ماضی میں ہمارا صوبہ مختلف وجوہات کی بناء پر ترقی اور خوشحالی کے سفر میں پیچھے رہ گیا تھا لیکن حالیہ کچھ عرصے کے دوران اس کے ازالے اور ترقی کے سفر کو تیز تر کرنے کے لئے سابقہ اور موجودہ حکومت نے غیر معمولی اقدامات اٹھائے ہیں جنوبی بلوچستان پیکج اسی سلسلے کی کڑی ہے جس کے تحت بلوچستان کے پسماندہ جنوبی اضلاع میں تعمیر وترقی کے ایک نئے دور کی شروعات ہوئی ہیں البتہ لازم ہے کہ اس سلسلے میں مزید تیزی لائی جائے علاوہ ازیں صوبے کے دوسرے حصے یعنی شمالی اضلاع کے لئے بھی جنوبی اضلاع کی طرز پر ترقیاتی پیکج منظور کرایا جائے چونکہ بلوچستان کے پاس اپنے وسائل کی کمی ہے اور صوبائی حکومت کے لئے یہ ممکن نہیں کہ قلیل وسائل میں تمام شعبوں میں نمایاں ترقیاتی منصوبے شروع کرائے اس لئے اس ضمن میں وفاقی حکومت کی مدد اور معاونت ، شرط لازم ٹھہرتی ہے صوبائی حکومت کی اگر بات کی جائے تو وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے بعد اسی عزم کا اظہار کیا تھا کہ وہ صوبے کے ، دیرینہ مسائل کے حل اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے نہ صرف خود بھرپور کردار ادا کریں گے اور کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے بلکہ اس ضمن میں وفاق سے بھی بات کریں گے فی الواقعی اس کے بعد انہوں نے اس وقت کے وزیر اعظم عمران خان اور دیگر اعلیٰ حکام سے مل کر ان کے سامنے یہ بات رکھی کہ بلوچستان کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے یہاں تعمیر وترقی کے سفر کو تیز تر کرنے کے لئے وفاقی حکومت صوبے کے لئے خصوصی پیکج کا اعلان کرے اس کے بعد جب موجودہ وفاقی حکومت بنی تو بھی وزیر اعلیٰ اس حوالے سے پرعزم بھی ہیں اور سنجیدہ بھی ، پچھلے ہفتے بھی انہوں نے اپنی زیر صدارت منعقد اعلیٰ سطحی اجلاس میں اسی عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ جلد ہی متعلقہ صوبائی حکام کے ساتھ وفاق جا کر پلاننگ کمیشن کے حکام سے ملیں گے تاکہ بلوچستان کے لئے زیادہ سے زیادہ منصوبے اگلے مالی سال کی وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرائے جاسکیں ۔ ہم ان کے اس عزم اور سنجیدگی کو سراہتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل اور پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے لئے اگر وفاقی اور صوبائی حکومت ایک پیج پر رہ کر اقدامات اٹھائیں تو بہت سارے مسائل اپنے آپ حل ہوسکتے ہیں اس مقصد کے حصول کے لئے لازم ہے کہ وفاق صوبے کے لئے فقط پی ایس ڈی پی میں خصوصی سکیمات شامل نہ کرائے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے لئے ایک ہمہ گیر پیکج کا بھی اعلان کرے بلوچستان کے وسائل میں اضافہ ہونا چاہئے ، صوبے کے لئے خصوصی مالیاتی پیکج متعارف کرایا جائے وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے مختلف شعبوں کے منصوبے شامل کرکے انہیں ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرایا جائے این ایف سی ایوارڈ کے طریق کار پر نظر ثانی کی جائے اور بلوچستان کی پسماندگی کے پیش نظر محاصل کی تقسیم میں وسیع رقبے ، پھیلی ہوئی آبادی اور غربت وپسماندگی کو مدنظر رکھا جائے اسی طرح ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں بلوچستان کے طلباء کے وظائف میں اضافے سے لے کر صوبے میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کے اداروں کے قیام تک بلوچستان کے مسائل ہمہ گیر ہیں اور یہ ہمہ اقدامات کے متقاضی ہیں وزیر اعظم شہباز شریف نے ابھی چند دن قبل کوئٹہ اور گوادر کا دورہ کیا ہے اور صوبے کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات کے عزم کا اعادہ کیا اس سے قبل انہوں نے وزارت عظمیٰ کا حلف اٹھانے کے بعد کوئٹہ کا جو پہلا دورہ کیا تھا اس میں انہوں نے چمن ، کوئٹہ کراچی شاہراہ کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے نہ صرف اس منصوبے کی ڈیڑھ سال میں تکمیل کا اعلان کیا تھا بلکہ کہا تھا کہ بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے وہ تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے اب وزیر منصوبہ بندی وترقیات نے اسی تناظر میں یہ نوید دی ہے کہ ابتر معاشی حالات بلوچستان پر خصوصی توجہ دی جائے گی سو ہمیں امید ہے کہ انہوں نے جو نوید دی ہے اسے عملی جامہ پہنایا جائے گا اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرتے ہوئے منصوبہ بندی کے ساتھ دوٹوک عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے دیرینہ اہداف کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے ۔

MASHRIQ QUETTA

07 JUN 2022



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران، حاجی محمد خان طور اتمانخیل اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات
بشریٰ رند صوبائی کابینہ کے اجلاس کے فیصلوں سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں